Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate ________________

Sig. of Invigilator.____________

# اُردو سلیس ایس ایس سی-II

## حصہ اوّل (کُل نمبر:15)

وقت: 20منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر1:الف۔ درج ذیل قواعد کی رُو سے کیا ہیں؟ دیے گئے الفاظ یعنی الف/ب/ج/د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔ (5x1=5)

(i) ''عیدگاہ'' ________ ہے۔

الف۔ اسم آلہ  ب۔ اسم صوت  ج۔ اسم ظرف مکاں  د۔ اسم مکبر

(ii) '' نیک''

الف۔ فعل  ب۔ اسم صفت  ج۔ حاصل مصدر  د۔ مفعول

(iii) ''عشق رسولؐ ''

الف۔ مرکب عطفی  ب۔ مرکب توصیفی  ج۔ مرکب اضافی  د۔ مرکب جاری

(iv) ''غالب ''

الف۔ لقب  ب۔ خطاب  ج۔ کنیت  د۔ تخلص

(v) ''بانگِ درا''

الف۔ اسم نکرہ  ب۔ اسم جامد  ج۔ اسم معرفہ  د۔ اسم مشتق

ب۔ دیے گئے الفاظ یعنی الف/ب/ج/د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔ (10x1=10)

(i) زبور کس پیغمبر پر نازل ہوئی؟

الف۔ حضرت عیسیٰؑ  ب۔ حضرت موسیٰؑ  ج۔ حضرت داؤدؑ  د۔ حضرت ابراہیمؑ

(ii) سبق ''تعصب'' کے مصنف کون ہیں؟

الف۔ علی ناصر زیدی  ب۔ سر سید احمد خان  ج۔ مولوی عبدالحق  د۔ مؤلفین

(iii) 1914ء میں لیبیا پر کس ملک نے حملہ کیا؟

الف۔ اٹلی  ب۔ شام  ج۔ برطانیہ  د۔ ترکی

(iv) مرزا اسداللہ خاں غالبؔ کا خاندانی پیشہ کیا تھا؟

الف۔ شاعری  ب۔ تجارت  ج۔ زراعت  د۔ سپہ گری

(v) بہادر یار جنگ کا اصل نام کیا تھا؟

الف۔ محمد بہادر خان  ب۔ محمد خان  ج۔ علی خان  د۔ احمد خان

(vi) کتاب سلیس اردو میں موجود ''نعت'' کے شاعر کا نام کیا ہے؟

الف۔ عاصی کرنالی  ب۔ بہزاد لکھنوی  ج۔ مرزا غالبؔ  د۔ علامہ اقبالؒ

(vii) ''آمد بہار'' شاعری کے اعتبار سے کون سی صنف ہے؟

الف۔ نظم  ب۔ غزل  ج۔ مرثیہ  د۔ قصیدہ

(viii) جس نظم میں خدا سے دعا مانگی جائے اسے کیا کہتے ہیں؟

الف۔ حمد  ب۔ قصیدہ  ج۔ مناجات  د۔ منقبت

(ix) یہ شعر کس شاعر کا ہے؟ 'ان میں دیکھا جو ماجرا دیکھا کیا بتائیں کسی سے کیا دیکھا'

الف۔ مرزا غالبؔ  ب۔ حسرتؔ موہانی  ج۔ میر تقی میرؔ  د۔ خواجہ میر دردؔ

(x) نظم ''پھول کی فریاد'' کے شاعر کا نام کیا ہے؟

الف۔ ساقی جاوید  ب۔ علامہ اقبالؒ  ج۔ بے نظیر شاہ  د۔ شوق قدوائی

---

برائے ممتحن: کُل نمبر : 15 حاصل کردہ نمبر: ____

16

# اُردوسلیس ایس ایس سی-II

وقت: 2:40 گھنٹے | کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم: 60

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصّہ دوم (کُل نمبر 37)

**سوال نمبر۲: الف۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے:** (5x2=10)

(i) اسلام کا تیسرا جزو کیا ہے؟

(ii) ہر پاکستانی پر کیا ذمہ داری عائد ہوتی ہے؟

(iii) بہادر یار جنگ نے اپنے والد کا قرضہ کس طرح ادا کیا؟

(iv) متعصب کس عمدہ ترین خصلتِ انسانی سے محروم ہوتا ہے؟

(v) سبق ''آتش بازی'' میں انار چھوٹنے سے کیا نقصان ہوا؟

(vi) نظم ''پھول کی فریاد'' سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

(vii) قصیدہ کس نظم کو کہتے ہیں؟

**ب۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے پانچ الفاظ و محاورات کو جملوں میں استعمال کیجیے:** (5)

(i) باغ باغ ہونا (ii) ولولہ پیدا کرنا (iii) لاوا ابلنا (iv) رنج و غم

(v) دھوم مچنا (vi) انسان دوستی (vii) حسن دوبالا ہونا

ج۔ (i) درج شُدہ کے واحد بنائیں: خطوط ، حوصلے ، شہروں (3)

(ii) درج شُدہ کے متضاد لکھیں: غربت ، جنگ ، دکھ (3)

(iii) درج شُدہ کے مترادف لکھیں: دنیا ، چمن ، ظلمت (3)

(iv) درج شُدہ کے ہم قافیہ لکھیں: جاگے ، دور ، کارخانہ (3)

(v) درج شُدہ کے اسم مصغّر لکھیں: کتاب ، دیگ ، باغ (3)

**د۔ مندرجہ ذیل الفاظ میں سے مذکر اور مؤنث الگ الگ کیجیے:** (4)

اُردو ، حال ، وطن ، وادی

**ہ۔ مندرجہ ذیل الفاظ کو درست ترتیب دے کر بامعنی جملے بنائیے:** (3)

(i) اللہ۔ کی۔ ہے۔ ہی۔ قسم۔ ہمیں۔ ہر۔ دیتا۔ نعمت

(ii) آبدوز۔ نادر۔ ایک۔ سائنس۔ ہے۔ شاہکار۔ کا

(iii) امانت۔ کی۔ وطن۔ خدا۔ ہے۔ ہمارا

## حصہ سوم (کُل نمبر 23)

**سوال نمبر۳:** سبق اور مُصنّف کے حوالے سے مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+5=6)

**الف۔** پاکستان کی تحریک برصغیر کے مسلمانوں کی بڑی زبردست تحریک تھی۔ یہ تحریک اسلامی اصولوں پر مضبوطی سے جمے رہنے، نیکی اور سچائی کا راستہ اختیار کرنے، عزم، ہمت اور حوصلے کی وجہ سے کامیاب ہوئی۔ یہی اصول نظریۂ پاکستان کی بنیاد ہیں۔ اسلامی طریقوں کو اختیار کرنا اور ان پر مضبوطی سے جمے رہنا نظریۂ پاکستان کا پہلا اصول ہے۔ یہ اصول ہمیں سکھاتا ہے کہ ہم ایسا کوئی کام نہ کریں جو اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہو۔

**ب۔** ایک دن جنگ زوروں پر تھی۔ مشین گنوں سے گولیوں کی بارش ہو رہی تھی۔ توپیں آگ اگل رہی تھیں۔ جگہ جگہ لاشیں پڑی ہوئی تھیں۔ مجاہدین بڑی بے جگری سے لڑ رہے تھے۔ فاطمہ کے کندھے پر مشک اور ہاتھ میں پیالہ تھا۔ جو مجاہد زخم کھا کر گرتا، یہ بچی بجلی کی طرح لپک کر اس کے پاس پہنچتی اور اپنے ننھے ہاتھوں سے پانی پلاتی۔ ایک ترک افسر نے جو اُسے دیکھا تو چیخ کر کہا۔ ''او بچی! نکل جا، جانتے بوجھتے موت کے منہ میں جا رہی ہے۔ دیکھتی نہیں، گولیوں کی بارش ہو رہی ہے۔''

**سوال نمبر۴:** شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: **(1+5=6)**

**الف۔**
جو تو بڑا ہے تو مجھ سا ہنر دکھا مجھ کو
یہ چھالیا ہی ذرا توڑ کر دکھا مجھ کو
نہیں ہے چیز نکمّی کوئی زمانے میں
کوئی برا نہیں قدرت کے کارخانے میں

**ب۔**
موسیٰ ؑ نے یہ کی عرض کہ اے بار خدا
مقبول ترا کون ہے بندوں میں سوا
ارشاد ہوا بندہ ہمارا وہ ہے
جو لے سکے اور لے نہ بدی کا بدلہ

**سوال نمبر۵:** شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل غزلیہ اجزاء میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے: **(1+5=6)**

**الف۔**
اہل عالم سب آئے غیر نظر
اک تمھیں صورت آشنا دیکھا
نہ بچا اس نگاہ ناز سے دل
ہم نے سو سو طرح چھپا دیکھا

**ب۔**
کانٹوں کو مت نکال چمن سے او باغباں
یہ بھی گلوں کے ساتھ پلے ہیں بہار میں
بلبل کو باغباں سے نہ صیاد سے گلہ
قسمت میں قید لکھی تھی فصل بہار میں

**سوال نمبر۶:** درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیں: (5)

**الف۔** پھول کی فریاد

**ب۔** آمد بہار